# ایک بھارت بہترین بھارت

سب کا ساتھ
سب کا وکاس









الیکشن مینی فیسٹو
2014
اہم نکات



## بھارتیہ جنتا پارٹی

## پیش لفظ

آج ہندوستان کو جمہوریت، آزاد سرزمین اور وقتی تقاضوں کی شکل میں نادر صلاحیتیں اور مواقع حاصل ہیں۔ اگر ہم ان کا مناسب استعمال کرنے کے اہل ہیں تو ہم ان بلندیوں کو حاصل کر سکتے ہیں جن کا ہندوستان واقعی حقدار ہے۔ آج ملک کی بدحالی کی سب سے بڑی وجہ ان لوگوں کے غلط ارادے ہیں جن کا ساٹھ سال سے ملک میں راج چل رہا ہے اور یہی ہم پہلا بدلاؤ لائیں گے۔ بھاجپا کی پالیسیوں اور ان پر عمل درآمد کا پہلا ہدف ہوگا: ''ایک بھارت بہترین بھارت'' اور ہمارا راستہ ہوگا: ''سب کا ساتھ سب کا وکاس''۔ یہی قوم و ملک کے تئیں ہمارا فرض ہے۔ پارٹی کے اس عزم کے ساتھ جناب نریندر مودی کی کرشمائی قیادت میں ہم 16 ویں لوک سبھا کے چناؤ میں اتر رہے ہیں اور ہم پورے تسلسل سے بھارت کو مکمل طاقت، دوراندیش اور ترقی کے لیے پابند سرکار دینے کا کام کریں گے۔

## کیا کرنا چاہتی ہے بھاجپا ملک کے عوام کے لیے؟

### ملک کے کونے کونے کو ترقی سے جوڑنا

☆ 100 نئے شہر بسانا۔

☆ ملک کے 100 سب سے پچھڑے اضلاع کو ترقی دے کر انہیں ترقی یافتہ اضلاع کے برابر بنانا۔

☆ ہر شخص کا اپنا گھر ہو جس میں بجلی، پانی اور ٹوائلٹ کی سہولتیں ہوں۔

☆ ملک کے سبھی گاؤں کی ترقی کے لیے ''گرامین ہاٹ'' کا جال بچھانا اور گاؤں میں شہروں جیسی سہولیات مہیا کرانا۔

☆ گھریلو اور چھوٹی صنعتوں سے جڑے موروثی کاریگروں کو ان کی صلاحیتوں میں اضافہ کر کے اور قرض کی سہولیات فراہم کر کے نیز بازار سے رشتے قائم کرنے میں ان کی مدد کرنا۔

☆ ایک وسیع قومی بجلی کی پالیسی مرتب کرنا۔

☆ منریگا کو جاری رکھتے ہوئے اس کو پروڈکشن کے کاموں سے جوڑنا۔

☆ قومی گیس گرڈ (GRID) قائم کرنا۔

☆ قومی وائی فائی (WiFi) نیٹ ورک کھڑا کرنا۔

☆ بلٹ ریل گاڑیوں کی چوطرفہ اسکیموں کو شروع کرنا۔

☆ زرعی پیداوار کی تقسیم کے لیے ریل نیٹ ورک بنانا۔ ☆ سیاحتی ریل نیٹ ورک بنانا۔

☆ ہر گھر میں پینے کے لیے نل کے پانی کی سپلائی دینا۔

☆ آزادی کی 75 ویں سالگرہ (2022) تک ہر خاندان کو ایک پکا مکان لازمی طور پر فراہم کرنا۔

## مہنگائی پر قابو

☆ایک ایسے فنڈ کی فراہمی جس سے بڑھتی ہوئی قیمتوں کو کنٹرول کیا جا سکے۔

☆جمع خوری، کالا بازاری روکنے کے لیے خصوصی عدالتوں کا قیام اور قصورواروں کو بلا تاخیر سزا دینے کا التزام۔

## کرپشن پر شکنجہ کسنا

☆ای۔گورنینس (E-Governance) کے ذریعہ شفافیت بڑھانا۔☆عوام اور انتظامیہ کے درمیان من مانی کے مواقع ختم کرنا۔

☆ہر سطح پر طور طریقوں کو سہل بنانا۔ شہریوں، اداروں اور تنظیموں میں آپسی بھروسہ بڑھانا۔

## روزگار کو فروغ دینا

☆روزگار دفاتر کی کیریئر مراکز کی شکل میں تبدیلی۔☆انٹر پرینورشپ ترقی اور مناسب عرض کی سہولت کے ذریعہ روزگار کو بڑھاوا دینا۔

☆روزگار کے مواقع بڑھانے کی غرض سے کپڑا، جوتا، الیکٹرانک سامان اور سیاحت کو خاص طور پر فروغ دینا۔

☆پانچ 'پ'۔ پرمپرا (رواج) پرتبھا (صلاحیت) پریٹن (سیاحت) پن (کاروبار) اور پرودھوگکی (ٹکنالوجی) کی طاقت کو یکجا کرکے بھارت کو ایک برانڈ کی شکل میں شناخت دلانا۔

## خواتین۔قومی تعمیر ساز

☆بچیوں کو بچانے اور پڑھانے کے لیے ایک قومی مہم۔ بیٹی بچاؤ۔ بیٹی پڑھاؤ کا آغاز۔

☆عصمت دری یا ایسڈ حملوں کی شکار خواتین کی بہبودی کے لیے سرکار ایک فنڈ کا التزام کرے گی تاکہ ایسی خواتین کے علاج اور ان کی کاسمیٹک سرجری (cosmetic surgery) کے علاج کا خرچ اٹھایا جا سکے۔ ☆ پولیس اسٹیشنوں کو خواتین کے تئیں ہمدرد بنایا جائیگا اور مختلف سطحوں پر پولیس میں خواتین کی تعداد میں اضافہ کیا جائیگا۔ ☆ خواتین کو مخصوص ہنر کی تربیت دینے کے لیے تربیتی پارک/مراکز قائم کئے جائیں گے۔

☆خواتین کو اسمبلیوں اور پارلیمنٹ میں 33% ریزرویشن دلانے پر پابند عہد۔

## ایس سی/ایس ٹی اور او بی سی طبقات۔سماجی انصاف اور تفویض اختیار

☆بھاجپا ہر سطح پر چھوا چھوت اور تنفر ختم کرنے کے لیے پابند عہد ہے۔ ☆ ایسا ماحول تیار کیا جائے گا جس میں SC/ ST اور OBC طبقات سمیت دیگر غریب طبقوں کو افضلیت کی بنیاد پر تعلیم اور صنعت کاری کے مواقع مل سکیں۔☆بھاجپا اس بات کو یقینی بنائے گی کہ SC/ ST اور OBC طبقات کے لیے جس فنڈ کا التزام کیا گیا ہے اس کا مناسب استعمال ہو۔

☆ان طبقات کے لوگوں کو گھر، تعلیم، صحت اور اسکل ڈیولپمنٹ (skill development) کے لیے ایک مہم چلائی جائے گی۔

## آدی واسیوں کے لیے

☆ گھر، پانی، بجلی، تعلیم اور صحت جیسی بنیادی سہولیات کو ان طبقات کے لیے یقینی بنانا اور انہیں نقل مکانی سے بچانا۔



## اقلیتیں۔برابری کے مواقع

بھارتیہ جنتا پارٹی مانتی ہے کہ کثرت میں وحدت ہی ہندوستان کی سب سے بڑی طاقت ہے۔ ہم اس کا سماج کی جڑوں تک اثر اور اس کے نمایاں ہونے پر فخر محسوس کرتے ہیں۔ بھارتیہ جنتا پارٹی ملک کی اقلیتوں کے کلچر اور وراثت کو قائم رکھنے میں یقین رکھتی ہے۔ ساتھ ہی پارٹی ان کی سماجی و اقتصادی ترقی اور تفویضِ اختیار کے لیے پابندِ عہد ہے۔

یہ بڑے افسوس کی بات ہے کہ آزادی کی چھ دہائیوں کے بعد بھی اقلیتوں کا بڑا طبقہ خصوصاً مسلمان غربت کا شکار ہے۔ جدید ہندوستان کو ایک ایسا ملک ہونا چاہئے جس میں سب کو ترقی کے لیے یکساں مواقع ملیں۔ بی جے پی اس کے لیے بھی پابند عہد ہے کہ یہاں رہنے والے سبھی طبقات ہندوستان کی ترقی میں برابر کے حصہ دار ہوں۔ چوں کہ ہمارا ماننا ہے کہ ملک کی ترقی کچھ طبقات کے پچھڑے پن سے نامکمل رہے گی۔

ہماری کوشش ہوگی کہ:۔

☆سبھی نوجوانوں خصوصاً لڑکیوں کو تعلیم و روزگار بلا تفریق کے ملے۔

☆اقلیتی طبقات کے تعلیمی نظام اور اداروں کی مضبوطی اور جدید کاری پر زور؛ تاکہ یہ جدید حالات کے ہم آہنگ ہوں۔ اس سلسلے میں قومی مدرسہ ماڈرنائزیشن (Modernization) پروگرام شروع کیا جائے گا۔

☆تفویض اختیارات اور ذریعہ معاش کے لیے صلاحیتوں کو اجاگر کرنے کے مواقع دینا۔

☆ان ہنرمندوں، کاریگروں اور آرٹسٹوں کی صلاحیتوں میں اضافہ کرنا جو ہماری گھریلو انڈسٹری اور چھوٹے کارخانوں کی روح ہیں۔ ان سب کے لیے مارکیٹ کا نیٹ ورک، بیڈنگ اور قرض کی سہولت فراہم کرنا۔

☆وقف بورڈوں کو مذہبی علماء کے مشوروں کے مطابق اور زیادہ بااختیار بنانا اور ایسے اقدام اٹھانا جن سے اوقاف سے ناجائز قبضے ہٹائے جا سکیں۔

☆اقلیتوں کے کلچر اور ثقافت کو تحفظ دینا۔ ایسی تاریخی اور ثقافتی وراثتوں کو تحفظ دینے کے ساتھ جدید کاری کے ذریعے ان کی کھوئی ہوئی شان کو لوٹانا۔ تاریخی عمارتوں کو ڈیجیٹائزیشن (digitization) کے ذریعہ محفوظ کرنا۔ نیز اردو کے تحفظ اور ترقی پر زور دینا۔

☆ایک پرامن ماحول قائم کرنا جس میں سب کو تحفظ بھی حاصل ہو۔ خوف بالکل نہ ہو اور شر پسندوں کو اس میں جگہ حاصل نہ ہو۔

☆مذہبی رہنماؤں کے مشورے سے ایک بین المذاہب پلیٹ فارم تیار کرنا جس سے باہمی اعتماد قائم رہے اور امن آشتی برقرار رہے۔

## دہشت گردی کے خلاف

☆دہشت گردی، شدت پسندی، گھس پیٹھ اور جرائم کسی بھی قیمت پر برداشت نہیں کئے جائیں گے۔

☆سرحد پار دہشت گردی اور گھس پیٹھ سے پوری سختی سے نپٹا جائے گا۔☆ دہشت گردی مزاحمتی نظام کو قائم کرنا۔

## بزرگ شہریوں کی زندگی آسان بنانا

☆بزرگ شہریوں کو اقتصادی مدد دینا۔

## جسمانی طور پر معذور لوگوں کے لیے

☆جسمانی طور پر معذور لوگوں کے حقوق اور مفادات کی حفاظت کے لیے ایک نیا بل منظور کرانا۔

## نوجوانوں کے لیے

☆ قومی نوجوان صلاح کار پریشد کا قیام۔☆ طلباء کو دئے جانے والے قرض کی تقسیم کے نظام کو سہل بنایا جائے گا۔
☆ ایک ''قومی کھیل کود صلاحیت'' کی تلاش کے طریقہ کار کی شروعات۔

## ہندوستان کے شہریوں کو صحت کی خدمات فراہم کرنے کے لیے

☆ ہر صوبے میں AIIMS جیسے صحت کے ادارے قائم کرنا، نیز قومی ای۔صحت اتھارٹی کا قیام۔

## ٹیکس ڈھانچے میں سدھار

☆ ٹیکس ڈھانچے کو آسان کرنا اور اس کو انصاف بھرا بنانا۔

## کسانوں کے لیے

☆ کسانوں کو ان کی لاگت پر کم سے کم 50% منافع ملے اس کو یقینی بنانا۔
☆ کسانوں کے لیے صوبائی ٹی وی چینل شروع کرنا۔APMC ایکٹ میں سدھار لانا۔ زمینوں کے استعمال کے لیے قومی پالیسی بنانا اور زمینی بیمہ لاگو کرنا۔

## صنعتوں کے لیے

☆ ملک بھر میں صنعتوں خاص طور سے چھوٹے اور درمیانہ درجہ کے کارخانوں کے لیے بجلی اور ٹرانسپورٹ کی سہولیات فراہم کرانا۔
☆ ملٹی برانڈ ریٹیل کاروبار میں غیر ملکی سرمایہ کاری کی اجازت نہیں۔ ☆ ریٹیل دکانداوں، چھوٹے بیوپاروں کے مفادات کی حفاظت کرتے ہوئے سبھی ضروری اقدام اٹھانا۔

## گاؤں کی ترقی کے لیے

☆ گاؤں کو ہر موسم کی مناسبت سے سڑک سے جوڑنا۔☆ پردھان منتری دیہی سینچائی مہم کے تحت ہر کھیت کو پانی دینا۔

## غیر منظّم حلقوں کے لیے

☆ غیر منظّم حلقوں میں کام کر رہے مزدوروں کے لیے شناختی کارڈ، مزدور بینک کا قیام، پنشن اور صحت بیمہ اسکیم شروع کرنا۔

## بنکر اور کاریگروں پر خصوصی توجہ

☆ کاریگر، لوہار، بنکر، بڑھئی، نائی، چمڑے کا کام کرنے والے، کمہار مچھوارے وغیرہ کی صلاحیتوں میں اضافہ اور ترقی اور ان کے کاروبار کو اور زیادہ سہل بنانے کے لیے مزید مواقع دینے کے لیے نئی اسکیمیں بنانا۔ ان کے لیے خام مال کی مناسب قیمتوں پر فراہمی اور فروختگی کے لیے سہولیات کے علاوہ آسان قرض کی سہولتیں فراہم کرنا۔



## ریٹائرڈ فوجیوں کے لیے

☆ ریٹائرڈ فوجیوں کی تکالیف کی سنوائی کے لیے ریٹائرڈ فوجی کمیشن کا قیام۔ ☆ ریٹائرڈ فوجی شراکت صحت اسکیم (ECHS) میں سدھار اور ان کو از سر نو روزگار دینا اس کمیشن کے سپرد ہوگا۔ ☆ ''ایک رینک۔ایک پنشن'' اسکیم کو لاگو کرنا۔

## ہمالیہ

☆ مختلف پردیشوں اور علاقوں کو یکجا کر حکومتی ساجھیداری کے تحت ایک انوکھا اور بے مثال پروگرام ''نیشنل مشن آن ہمالیہ'' کا آغاز۔
☆ ہمالیہ حفاظتی فنڈ قائم کرنا۔☆ ہمالیہ ٹکنالوجی کو وقف ایک مرکزی یونیورسیٹی کا قیام۔

## ملک کو نئی اونچائیوں تک لے جانے والے دیگر ٹھوس قدم

☆ کلچرل اہمیت سے جڑے ہوئے ورثے جیسے ہمالیہ، مروستھل علاقوں اور قدرتی علاج پر مبنی 50 ٹورسٹ سرکٹ بنانا۔
☆ علاقائی زبانوں کی حوصلہ افزائی اور سبھی زبانوں کے ریکارڈ کا ڈیجیٹائزیشن Digitization کرنا۔☆ ایک ''قومی ہنر مشن'' قائم کرنا۔
☆ آبادی کنٹرول کرنے کو ایک قومی مشن کے طور پر چالو کرنا۔

## انتظامیہ میں سدھار

☆ وزیر اعظم کے دفتر کے تحت ایک ایسے ادارے کا قیام جو انتظامیہ میں سدھار لا سکے۔
☆ ایک مؤثر لوک پال بل تیار کرنا ساتھ ساتھ ای۔گاؤں اور عالمی گاؤں کے پروگرام شروع کرنا۔
☆ عدالتوں کی تعداد دوگنی کرنے کا ہدف حاصل کرنا اور فاسٹ ٹریک عدالتوں کا قیام۔

سرکار کا درشن - سب سے پہلے بھارت
ایک واحد مذہبی کتاب - ملک کا آئین
ایک واحد طاقت - جن شکتی
ایک واحد دعا - جنتا کی بھلائی
ایک راستہ - سب کا ساتھ۔سب کا وکاس

ہمارا عہد

شفافیت سے پُر سرکار - جواب دہ سرکار
عوامی مرکزیت والی پالیسیاں

بھاجپا لاؤ
اب کی بار

دیش بچاؤ
مودی سرکار